پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

20 نومبر، 2019

ریزروبینک آف انڈیا نے انڈین بینک پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا(آر بی آئی) نے اپنے حکمنامہ مورخہ 18 نومبر، 2019 کے ذریعہ انڈین بینک (بینک) پر روپیہ ایک کروڑ کا مالی جرمانہ بیلنس شیٹ کی ونڈو ڈریسنگ اور درجہ بندی وجعلسازی کی رپورٹ سے متعلق آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی پاداش میں عائد کیا۔ جرمانہ کا نفاذ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(c) جس میں سیکشن 46(4)(i)اور سیکشن 51(1) کو شامل کرکے پڑھا جائے کے ذریعہ حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات پر عمل آوری میں ناکامی پر کیا۔

اس کارروائی کی بنیاد ریگولیٹری شکایت میں عمل آوری پر عدم اتفاق ہے اور اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بینک کے ذریعہ صارفین سے کس ٹرانزکشن یا معاہدہ کی مجازیت پر حرف آئے۔

پس منظر

31 مارچ 2018 کو بینک کی مالی حالت کے سلسلہ میں آر بی آئی کے ذریعہ معائنہ میں بیلنس شیٹ کی ونڈو ڈریسنگ، گارنٹی اور معاون منظوری جانئے اپنے صارف کو اور جعلسازی کی رپورٹ کے تعلق سے آر بی آئی کی ہدایات پر عمل آوری کا جازہ لیا گیا اور یہ نتیجہ برآمد ہوا کہ اس پر عمل نہیں کیا گیا ہے۔ بینک کو ایک نوٹس جاری کرکے وجہ بتانے کا مشورہ دیا گیا کہ کیوں نہ اس پر مالی جرمانہ عائد کیا جائے۔ بینک کے جواب پر غور کرنے اور ذاتی سماعت میں زبانی وضاحت پر آر بی آئی اس نتیجہ پر پہنچا کہ بیلنس شیٹ کی ونڈو ڈریسنگ اور جعلسازی کی درجہ بندی اور اس کی رپورٹنگ کے سلسلہ میں آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہیں کیا گیا ہے، اس لئے مالی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز:2019-2020/1234